منشیات کیس میں جرح میں پوچھے جانے والے عمومی سوالات

1۔ آپ گشت یاناکے کے لیے کتنے بجے تھانے سے روانہ ہوئے؟

2۔ تم علاقہ میں کون کونسی جگہ پر گشت کرتے ہوئے گئے اور مختلف جگہوں پر کتنی کتنی دیر کے لیے رکے؟

3۔ جس گاڑی میں آپ گشت پر تھے اس کا نمبر کیا تھا؟ سرکاری گاڑی تھی یا پرائیویٹ؟

4۔ تم کتنے لوگ گشت پر تھے؟

5۔ ملزم کے بارے میں اطلاع کس ذریعے سے ملی؟

6۔ گاڑی کون چلارہا تھا؟

7۔ کون کون مسلح تھااور باوردی تھا؟

8۔ ملزم پکڑنے سے پہلے تک ناکہ پر کتنی گاڑیاں اور موٹر سائیکل چیک کیے؟

9۔ تھانہ اور جائے وقوعہ کا کتنافاصلہ ہے؟

10۔ جائے وقوعہ پر کتنے بجے پہنچے؟

11۔ کتنے فاصلے سے ملزم تمھیں نظر آگیا؟

12۔ ملزم دور سے آتا ہوا دکھائی دیا یا اچانک ؟

13۔ جس وقت جائے وقوعہ پر پہنچے دن تھا رات تھی یا دھند تھی ؟

14۔ ملزم کتنے قدموں پر قابو کر لیا؟

15۔ جہاں سے ملزم گرفتار ہوا وہاں ارد گرد کی صورتحال کیا تھی ؟

16۔ اس وقت لوگ وہاں سے گزر رہے تھے ؟

17۔ جائے وقوعہ کس نوعیت کی جگہ ہے ؟(چوک، بازار، موڑ، جنگل، آبادی، آڈہ، بس سٹاپ وغیرہ)

18۔ پہلے ملزم کو کس نے قابو کیا؟

19۔ کس نے ملزم کی پہلے تلاشی لی؟

20۔ ملزم کے کپڑوں کا رنگ کیا تھا اور چپل کونسی پہنی ہوئی تھی ؟

21۔ پیکنگ کیسی تھی اور کیسے کھولی گئی؟

22۔ چرس یا افیون کس شکل میں برآمد ہوئی (مربہ نما، گول، مستطیل نما یا چھتر نما)

23۔ چرس نرم تھی یا سخت ؟

24۔ چرس کا رنگ کیا تھا؟

25۔ملزم نے کس رنگ کے شاپر یا بیگ میں چرس لپیٹ رکھی تھی ؟

26۔ کس قسم کے سکیل پر چرس کا وزن کیا گیا؟

27۔ چرس الگ الگ تولی تھی یا ایک ساتھ سارے سلیب ؟

28۔ روشنی کا کیا انتظام تھا؟

29۔ سمپل کس چیز سے کاٹا؟

30۔ نمونہ برائے تجزیہ کتنی بار کاٹ کر نکالا گیا اور کتنے گرام نکالا گیا؟

31۔ چرس کے کتنے ٹکڑے تھے ؟

32۔ تفتیشی بیگ کیسا تھا؟

33۔ مہر کیسی تھی ؟

34۔ کیا شاپر کا بھی چرس کے ساتھ وزن کیا گیا یا چرس کو شاپر سے نکال کر ؟

35۔ جب مستغیث نے فرد مقبوضگی بنائی تو کپڑا کہاں سے لایا اور کس جگہ پر رکھ کر پارسل تیار کیے ؟

36۔ جائے وقوعہ پر کتنے پارسل تیار کیے گئے کتنے

37۔ استغاثہ کے لیے کاغذات کہاں سے لائے گئے ؟

38۔ مستغیث نے استغاثہ کس جگہ پر بیٹھ کر لکھا؟

39- پہلے تلاشی ہوئی فرد بنی یا استغاثہ لکھا؟

40- استغاثہ کون لے کر تھانے گیا اور کیسے گیا تھا؟

41- کیا موقعہ پر ملزم کو ہتھکڑی لگائی گئی اور جب تک تفتیشی موقعہ پر آیا ملزم کس کے حوالے تھا؟

42- جائے وقوعہ والی سڑک لک کی بنی تھی یا کنکریٹ؟

43- سڑک میں کوئی curve یا موڑ تھا یا سیدھی سڑک تھی؟

44- جب تک NIU آفیسر موقع پر آیا تب تک کیا کرتے رہے؟

NIU آفیسر کے آنے کے بعد کی کاروائی

45- FIR لے کر کون آیا تھا تفتیشی یا روندہ کنسٹیبل اور کونسی گاڑی پر آئے؟

46- تفتیشی کس وقت جائے وقوعہ پر پہنچا؟

47- تفتیشی کے ساتھ کتنے ملازمان جائے وقوعہ پر آئے؟

48- کیا تمہیں معلوم تھا کے تمھارا نام بطور گواہ مقدمہ میں ذکر کیا گیا ہے؟

49- کیا تم نے ملزم سے ملنے والی تمام چیزوں کا ذکر فرد مقبوضگی میں کیا؟

50- کیا تم نے گواہوں کی نشاندہی پر نقشہ موقعہ نظری بلا سکیل مرتب کیا؟

51۔ کیا یہ درست ہے کہ نقشہ موقعہ پر کسی گواہ کا نام نہیں ہے؟

52۔ فرد مقبوضگی پر دستخط اردو تھے یا انگریزی؟

53۔ تفتیشی نے تفتیش کے لیے جائے وقوعہ پر کتنا وقت لگایا؟

54۔ روزنامچہ کے مطابق تفتیشی مستغیث یا کوئی ملازم دوسری جگہ ڈیوٹی پر تو نہیں تھا؟

55۔ تمھارا بیان 161 ض ف کس نے لکھا تفتیشی نے یا مستغیث نے؟

56۔ ساری کاروائی گاڑی کے کس جانب کی گئی؟

57۔ جائے وقوعہ سے کتنے ملازمان تفتیشی کے ساتھ اور کتنے مستغیث کے ساتھ گئے؟

جائے وقوعہ سے روانگی کے بعد کی کاروائی

58۔ کس نے مال مقدمہ محرر مال خانہ کے حوالے کیا؟

59۔ کیا تم نے حوالگی مال مقدمہ کی رپٹ درج روزنامچہ کی؟

60 پارسل مال خانہ جمع کروائے گئے اور کتنے پارسل PFSA بھجوائے گئے؟

61۔ ملزم کو علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں کون لے کر گیا؟(مستغیث یا تفتیشی یا کوئی اور آفیسر)

62۔ تم کس وقت مال مقدمہ محرر سے وصول کر کے PFSA یا صدر مال خانہ لے کر گئے اور کیا رپٹ روزنامچہ لکھی؟

63۔ کیا تم نے PFSA روانگی اور واپسی کی رپٹ درج روزنامچہ کی؟

64۔ کیا پرائیویٹ لوگوں کو تفتیش میں شامل ہونے کے لیے کہا گیا؟